کووِڈ-19کی معلومات


# والدین کی رہنمائی
# 2020–21 کا تعلیمی سال

## صحت کے اقدامات کے ساتھ اسکول کے اندر روزانہ کی تقریباً عمومی کلاسوں میں واپسی

### نئے تعلیمی سال میں سیکھنا

طلباء نئے تعلیمی سال کے آغاز میں روزانہ اسکول واپس جائیں گے۔ کووڈ-91کے خطرےکو کم کرنے اور محفوظ رہنے میں مددکیلئے صحت کے ایسے اقدامات موجود ہیں جن پر ہر ایک کو عمل کرنا ہوگا۔

اگرچہ آپ کا اسکول حکومت کی صحت کی سفارشات پر عمل کرنےکیلئے ایک منصوبہ تیارکرے گا، لیکن اس میں ہر ایک کو کردار اداکرنا ہوگا۔



## دور الوالدين في الحفاظ على سلامة الأطفال بالمدارس


### اسکولوں کو محفوظ رکھنے میں والدین کا کردار

علامات پر نظر رکھنےکیلئے ہر صبح اسکرین کریں

یہ دیکھنےکیلئے ہرصبح چیک کریں کہ آیا آپ کے بچے میں ان میں سے کوئی علامت ہے یا نہیں۔ اگر ہاں ہے، تو پھر انہیں لازمی طور پرگھر ہی رہنا چاہئے:

- بخار، کھانسی، ہانپنا / سانس لینے میں دشواری، گلےکی سوزش، کپکپی طاری ہونا، نگلنے میں تکلیف
- بہتی ہوئی ناک / بند ناک، طبیعت کی ناسازی / تھکاوٹ، متلی / الٹی / اسہال، بھوک کا غیر واضح نقصان
- ذائقے یا بُوکا احساس ختم ہو جانا، پٹھوں / جوڑوں کا درد، سر درد، آشوب چشم (گلابی چشم)

خود تشخیصی ٹول استعمال کرکے یہ چیک کریں کہ آیا آپ کے بچےکا کووِڈ-19کا ٹیسٹ کروانا چاہئے یا نہیں۔



### جب بیمار ہوں یا اگرکسی ایسے فردکے ساتھ رابطے میں ہوں جو بیمار ہےتوگھر پر رہیں

طلباء، والدین یا خاندانوں کے افرادکو اسکول میں قطعاً داخل نہیں ہونا چاہئے اگر:

- وہ بیمار محسوس کر رہے ہوں یا ان میں کووِڈ-19کی علامات ہوں
- ان کا پچھلے 14 دنوں میں کووِڈ- 19کےکسی تصدیق شدہ کیس والے فردکے ساتھ قریبی رابطہ رہا ہے
- ان کا پچھلے 14 دنوں میں کووِڈ- 19کےکسی تصدیق شدہ کیس والے یا اس کی علامات والے فردکے ساتھ قریبی رابطہ رہا ہے؟
- انہوں نے پچھلے 14 دنوں میں کینیڈا سے باہر سفرکیا ہے

Archived


©2020 Government of Alberta | Published: اگست 2020
Alberta

## ماسک کی ضروریات

والدین بڑی عمرکے بچوں کو ماسک پہننے میں آسودہ محسوس کرنےکیلئے ان کی مددکر سکتے ہیں کیونکہ وہ گریڈز 12-4کے طلباء کیلئے ان جگہوں پر ضروری ہیں جہاں جسمانی فاصلہ برقرار نہیں رکھا جا سکتا جیسےکہ:

- تمام مشترکہ جگہوں پر جیسےکہ ہال ویز ہیں
- بسوں میں
- جب کلاس روم کے اندرکی سرگرمیوں میں طلباء، یا طلباء اور عملےکے درمیان قریبی طور پر بات چیت ہوتی ہے۔

> ان طلباء اور عملےکیلئے چھوٹ دی جائے گی جو میڈیکل یا دیگر ضروریات کی وجہ سے ماسک پہننے سے قاصر ہیں۔

گریڈ 3 تک کے طلباء میں ماسک کا استعمال درکار نہیں ہے۔

اسکول کے تمام بالغ وِزٹروں کو ماسک پہننےکی ضرورت ہے۔

***آپ کے اسکول بورڈ میں ماسک کا اضافی استعمال ہو سکتا ہے۔**

## محفوظ فاصلہ برقرار رکھیں

جب ممکن ہو اپنے اور دوسروں کے درمیان دو میٹرکا فاصلہ رکھیں:

- ڈراپ آف اور پک اَپ کے دوران
- کسی استاد، اسکول کے عملے یا دوسرے والدین اور طلباء کے ساتھ بات چیت کے دوران، خواہ وہ اسکول کے اندر ہوں یا باہر

## اگر طلباء میں علامات ظاہر ہوں، تو انہیں فوری طور پر اسکول سے لے جائیں

اگر آپ کے بچے میں کوئی علامات ظاہر ہوتی ہیں تو آپ کو فوری طور پر اسے اسکول سے لے جانےکو کہا جائےگا۔ براہِ کرم اس بات کو یقینی بنائیں کہ اسکول کے پاس آپ سے رابطےکی تازہ ترین معلومات موجود ہیں تاکہ اگر آپ کے بچےکو اسکول سے لے جانےکی ضرورت ہو تو آپ تک پہنچا جا سکے۔

## اپنے بچے کو اسکول لے جانا

اگر آپ کا بچہ عام طور پر بس میں اسکول جاتا ہے، اوراگر آپ کی ذاتی صورتِ حال اجازت دیتی ہو تو آپ انہیں براہِ راست اسکول لیجانے پر غورکریں۔ یہ بس پر سوار ان طلباء کیلئے جسمانی فاصلہ رکھنے میں مددکرے گا جن کے پاس بس لینےکے علاوہ دوسراکوئی آپشن نہیں ہے۔

Archived



**alberta.ca/returntoschool مزید تفصیلات کیلئے**

©2020 Government of Alberta | Published: اگست 2020

Alberta

## طلباءکوکیا جاننےکی ضرورت ہے

اسکول کے پہلے دن کی تیاری میں مددکیلئے اپنے بچے سے صحت کےکچھ نئے اقدامات کے بارے میں بات کریں:

- اسکول اورکلاس روموں میں داخل ہونے سے پہلے ہاتھ صاف کریں
- اپنے اور دوسروں کے درمیان فاصلہ رکھیں اور دالان میں نشانات کی پیروی کریں
- گریڈ 4–12 کے طلباء کیلئے ماسک پہننا
- کھانے یا ذاتی اشیاء کا اشتراک نہ کریں
- کھانسی اور چھینکوں کو ڈھانپیں
- اگر اسکول میں خودکو بیمار محسوس کریں تو عملے کو بتائیں
- مزید جسمانی فاصلےکیلئے دوپہرکےکھانے اور تفریح کے وقت میں تبدیلی ہو سکتی ہے
- دوسروں کے ساتھ رابطہ کم کرنےکیلئے طلباء کو ان کے اپنے سیکھنے والےگروپ (cohort) میں ہی رہنےکا کہا جا سکتا ہے
- طلباء جو بس میں جاتے آتے ہیں انہیں روزانہ ایک ہی سیٹ پر بیٹھنا پڑےگا۔

**سیکھنے والا گروپ (Cohort)**

کوہورٹ — یا بَبَل — طلباء اور عملہ کا ایک گروپ ہے جو ایک ساتھ رہتے ہیں۔کوہورٹ کا سائز کلاس روم کی طبعی جگہ پر منحصر ہوگا۔


کووِڈ-19کا خطرہ دوسروں کے افشا(exposure)کو محدود کرکےکم کیا جاتا ہے۔ اگرکووِڈ-19کاکوئی مشتبہ کیس ہو تو کوہورٹ میں رہنا بھی رابطےکا سراغ لگانا آسان اور تیز تر بنا دیتا ہے۔

آپ کا بچہ اس بارے میں گھبرا سکتا ہےکہ اسکول کس طرح کا ہوگا۔ جب کہ تبدیلیاں ہوں گی، اسکول کا کلیدی تجربہ اسی طرح کا ہوگا جیسےکہ پہلے ہوا کرتا تھا — وہ اپنے استاد سے کلاس میں تعلیم حاصل کریں گے اور دوستوں سے ملیں گے۔

## اسکولوں میں صحت کے اقدامات

طلباء کی واپسی کی تیاری کیلئے اسکول صحت کے رہنما خطوط پر تفصیلی عمل کریں گے۔ مثال کے طور پر:

- زیادہ مَس ہونے والی جگھوں اور مشترکہ سامان کی مزید صفائی اور جراثیم کشی
- جب ممکن ہو جسمانی فاصلہ رکھیں، جس میں مندرجہ ذیل شامل ہو سکتے ہیں:
  - اسٹیگر (stagger) پِک اَپ اور ڈراپ آف کے اوقات
  - وَن وے یا نشان زدہ ہال ویز اور مقرّرہ داخلی اور خارجی دروازے
  - میزوں اور ڈیسکوں کے درمیان جگہ چھوڑیں
  - ہال ویز اورلنچ روموں میں بِھیڑ بھاڑ سے بچنےکیلئےکلاسوں اور دوپہرکےکھانےکے اسٹیگر شروع اور اختتام کے اوقات
- باتھ روم میں وقت کو محدودکرنا
- جب جسمانی دُوری ممکن نہ ہو، تو ہاتھوں کی حفظان صحت، کھانسی اور چھینکوں کو ڈھانپنے، اور صفائی ستھرائی پر زیادہ زور دیا جائےگا۔
- طلباء، جہاں ممکن ہوا،کلاس انہیں کوہورٹ کرے گی۔



Archived



©2020 Government of Alberta | Published: اگست 2020

Alberta